سوال

(100) ہر کوئی اپنے وقت پر ہی مرتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پلیگ۔ ہیضہ۔ جل کر۔ ڈوب کر۔ گر کر۔ سانپ کے کاٹنے سے یا گولی لگنے سے مرنے والوں سے جو لوگ مرتے ہیں۔ یہ لوگ موت سے پشتر مرتے ہیں۔ یا ان کی عمر ہی ختم ہو جاتی ہے۔ اور زندگی کے دن پورے ہوتے ہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید کی آیت صاف ہے۔ إِذا جاءَ أَجَلُهُم فَلا يَستَـٔخِرونَ ساعَةً ۖ وَلا يَستَقدِمونَ ٤٩

''جب انسانوں کا وقت آتا ہے۔ تو اس سے ایک منٹ ایک سیکنڈ بھی ادھر ادھر نہیں ہو سکتے۔ پس ہر کوئی اپنی موت سے مرتا ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01 ص308

محدث فتویٰ